# ارباب وفاق المدارس کی مصروفیات

ادارہ

**متحدہ علماء کونسل لاہور کے استقبالیہ میں شرکت:**......۴ ذی قعدہ ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۰ اگست ۲۰۱۵ء بروز جمعرات ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب زید مجدہم نے جوہر ٹاؤن لاہور میں مولانا الطاف الرحمٰن، مولانا ندیم اسلم اور حافظ نعمان حامد کی دعوت پر متحدہ علماء کونسل کی طرف سے دیے گئے استقبالیہ میں شرکت کی اور تقریب میں موجود علمائے کرام اور دیگر مہمانوں سے موجودہ ملکی صورتحال پر تفصیلی گفتگو فرمائی۔

**ڈپٹی چیئرمین سینٹ آف پاکستان مولانا عبدالغفور حیدری سے ملاقات:**......اسی روز حضرت ناظم اعلیٰ وفاق زید مجدہم نے جامعۃ الخیر لاہور میں سینٹ آف پاکستان کے ڈپٹی چیئرمین اور جمعیت علمائے اسلام پاکستان کے مرکزی ناظم اعلیٰ مولانا عبدالغفور حیدری صاحب سے ملاقات کی اور مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا، اس موقع پر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا قاضی عبدالرشید، سیکرٹری اطلاعات جمعیت علمائے اسلام پاکستان مولانا امجد خان اور پیر طریقت حضرت مولانا عزیز الرحمٰن ہزاروی بھی موجود تھے۔

**وزیر اعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف سے ملاقات:**......اسی روز حضرت ناظم اعلیٰ وفاق زید مجدہم نے حضرت مولانا عبدالغفور حیدری صاحب، مولانا پیر عزیز الرحمٰن ہزاروی صاحب، مولانا قاضی عبدالرشید صاحب، مولانا محمد امجد خان صاحب کے ہمراہ وزیر اعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف سے لاہور میں ملاقات کی، صوبائی وزیر قانون رانا ثناء اللہ، چیف سیکرٹری پنجاب، آئی جی پنجاب، ہوم سیکرٹری پنجاب، ڈپٹی آئی جی انسداد دہشت گردی پولیس سمیت دیگر اہم حکومتی ذمہ داران بھی موجود تھے، حضرت ناظم اعلیٰ صاحب زید مجدہم نے وزیر اعلیٰ پنجاب کو دینی مدارس کے خلاف اندھا دھند کریک ڈاؤن، اساتذہ وطلبہ کو ہراساں کرنے، علمائے کرام کے نام غلط طور پر فورتھ شیڈول میں شامل کرنے اور ان کے

خلاف ناجائز مقدمات قائم کرنے کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔

وزیراعلیٰ پنجاب نے یقین دہانی کرائی کہ ان کی حکومت مدارس کے بارے میں کسی قسم کے منفی عزائم نہیں رکھتی بلکہ اس حوالہ سے تمام شکایات کا ازالہ کرنے کی خواہاں ہے، وزیراعلیٰ پنجاب نے رانا ثناء اللہ (صوبائی وزیر قانون) کی سربراہی میں حکومتی ارکان، وفاق المدارس العربیہ پاکستان اور جمعیت علماء اسلام پاکستان کے نمائندوں پر مشتمل کمیٹی بنائی جو تمام معاملات کا تفصیلی جائزہ لے کر وزیراعلیٰ کو رپورٹ پیش کرے گی جس پر عملی اقدامات کیے جائیں گے۔

**تھائی لینڈ کا تین روزہ دورہ:**......۱۰/ذی قعدہ ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۶/اگست ۲۰۱۵ء بروز بدھ: حضرت ناظم اعلیٰ وفاق زید مجدہم جامعہ خیر المدارس ملتان سے اسلام آباد، پھر اسلام آباد سے تھائی لینڈ کے تین روزہ دورے پر روانہ ہوئے۔

**جامعہ کاشف العلوم سرابوری (تھائی لینڈ) کا معائنہ**......۱۱/ذی قعدہ ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۷/اگست ۲۰۱۵ء بروز جمعرات: حضرت ناظم اعلیٰ وفاق زید مجدہم صبح کے وقت بنکاک پہنچے تو مولانا محمد الیاس صاحب اور جناب علی خان نے علماء کرام کے بڑے وفد کے ہمراہ ائیر پورٹ پر شاندار استقبال کیا، بعد ازاں بنکاک سے ضلع سرابوری پہنچے جہاں جامعہ کاشف العلوم، الاسلام فاؤنڈیشن کا تفصیلی معائنہ کیا، اس سفر کا مقصد بھی جامعہ کاشف العلوم، الاسلام فاؤنڈیشن سرابوری کا وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ساتھ الحاق کے لیے معائنہ کرنا تھا جس کی درخواست جامعہ کاشف العلوم کے مہتمم جناب علی خان اور ناظم اعلیٰ مولانا محمد الیاس نے کی تھی۔

**بنکاک (تھائی لینڈ) میں پاکستانی قونصل جنرل امجد امین سے ملاقات:**......۱۲/ذی قعدہ ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۸/اگست ۲۰۱۵ء بروز جمعۃ المبارک: حضرت ناظم اعلیٰ وفاق زید مجدہم نے بنکاک میں پاکستانی قونصل جنرل امجد امین صاحب سے ملاقات کی اور تھائی لینڈ و پاکستان کے تعلیمی اداروں کے درمیان باہمی تعاون، تھائی لینڈ کے تعلیمی اداروں کا وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ساتھ الحاق اور پاکستانی تعلیمی اداروں میں داخلہ کے خواہشمند تھائی لینڈ کے طلبہ کو ویزوں میں سہولت دینے کے بارے میں گفتگو کی، محترم امجد امین نے مذکورہ امور میں مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

**جامعۃ الخیر لاہور میں ماہانہ درس قرآن کریم میں خطاب:**......۱۴/ذی قعدہ ۱۴۳۶ھ مطابق ۳۰/اگست ۲۰۱۵ء بروز اتوار: حضرت ناظم اعلیٰ وفاق زید مجدہم نے جامعۃ الخیر جوہر ٹاؤن لاہور کے ماہانہ پروگرام درسِ قرآن میں شرکت کی اور حسب معمول قرآن کریم کا درس دیا۔

**دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کی تقریب میں شرکت:**......۱۵/ذی قعدہ ۱۴۳۶ھ مطابق ۳۱/اگست ۲۰۱۵ء بروز بدھ: حضرت ناظم اعلیٰ وفاق زید مجدہم، حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ کی دعوت پر دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک تشریف لے گئے اور ''خطبات مشاہیر'' کی تقریبِ رونمائی میں شرکت کی، جس کی صدارت شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی

صاحب مدظلہ نے فرمائی۔

حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ نے دارالعلوم حقانیہ میں تشریف لانے والی شخصیات کے بیانات ۱۰ جلدوں میں ''خطبات مشاہیر'' کے نام سے مرتب کیے ہیں، جب کہ ایک جلد اکابر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے بیانات اور وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیر اہتمام دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں منعقد ہونے والے اجلاسوں کی روئیداد پر مشتمل ہے۔

**اتحادِ تنظیمات مدارس پاکستان کے اجلاس میں شرکت:**......۱۷/ ذی قعدہ ۱۴۳۶ھ مطابق ۲/ ستمبر ۲۰۱۵ء بروز بدھ: حضرت ناظم اعلیٰ وفاق زید مجدہم نے اسلام آباد میں اتحادِ تنظیمات مدارس پاکستان کے اجلاس میں شرکت کی، اجلاس میں دینی مدارس سے متعلقہ امور پر مشاورت اور وزارتِ مذہبی امور سیکرٹریٹ میں ہونے والے اجلاس کے لیے لائحہ عمل طے کیا گیا۔

**پروفیسر ڈاکٹر احمد بن یوسف الدریویش صدر اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد سے اظہار تعزیت:**......۱۸/ ذی قعدہ ۱۴۳۶ھ مطابق ۳/ ستمبر ۲۰۱۵ء بروز جمعرات: حضرت ناظم اعلیٰ وفاق زید مجدہم نے مولانا عبید اللہ خالد، مولانا عبدالقدوس محمدی اور قاری محمد الیاس کے ہمراہ الجامعۃ الاسلامیہ العالمیہ (انٹرنیشنل اسلامی یونیورسٹی) اسلام آباد کے صدر پروفیسر ڈاکٹر احمد بن یوسف الدریویش سے ملاقات کی اور ان کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیا۔

**وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف خان کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں شرکت:**......اسی روز حضرت ناظم اعلیٰ وفاق زید مجدہم نے قائدین اتحادِ تنظیمات مدارس پاکستان کے ہمراہ وزارت مذہبی امور سیکریٹریٹ اسلام آباد میں وفاقی وزیر مذہبی امور پاکستان سردار محمد یوسف خان کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں شرکت کی اور دینی مدارس کی ترجمانی کرتے ہوئے فرمایا کہ دینی مدارس نے کبھی بھی رجسٹریشن سے انکار نہیں کیا لیکن میڈیا میں یہ تاثر دیا جا رہا ہے کہ مدارس رجسٹریشن سے انکاری ہیں جو کہ غلط ہے، اسی طرح مدارس کے بینک اکاؤنٹ کھلوانے پر عملاً پابندی ہے جس کی وجہ سے مدارس کا آڈٹ کروانے میں مشکل پیش آ رہی ہے، نیز حضرت ناظم اعلیٰ وفاق نے دینی مدارس کی اسناد کی حیثیت اور مدارس کی نمائندہ تنظیمات کو امتحانی بورڈ کا درجہ دینے کے بارے میں مفصل اور مدلل گفتگو فرمائی۔

وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف خان نے یقین دہانی کرائی کہ رجسٹریشن کے عمل کو زیادہ سے زیادہ سہل بنانے کی کوشش کریں گے تاکہ تمام مدارس کی رجسٹریشن مکمل ہو سکے، بینک اکاؤنٹ کے معاملہ پر قائدین مدارس اور گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی براہِ راست ملاقات کروا کر یہ معاملہ بھی جلد از جلد حل کریں گے، نیز وفاقی وزیر مذہبی امور نے مدارس کے امتحانی نظام، اسناد کی سرکاری حیثیت اور تنظیمات مدارس کو امتحانی بورڈ کا درجہ دینے کے معاملہ پر سیکرٹری تعلیم کی سربراہی میں کمیٹی بھی تشکیل دیدی۔

اس اجلاس میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی طرف سے ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب زید مجدہم کے علاوہ مولانا عبید اللہ خالد، مولانا عبدالقدوس محمدی، مولانا حبیب الرحمٰن، مفتی عبدالرحمٰن، تنظیم المدارس پاکستان کے جنرل سیکرٹری صاحبزادہ مولانا عبدالمصطفی ہزاروی، وفاق المدارس السلفیہ کے سیکرٹری جنرل مولانا یاسین ظفر، رابطۃ المدارس پاکستان کے سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر عطاء الرحمٰن، وفاق المدارس الشیعہ کے نصرت شاہانی جب کہ حکومت کی طرف سے سیکرٹری وزارتِ مذہبی امور، سیکرٹری وزارت تعلیم، ایڈیشنل سیکرٹری وزارت داخلہ، چاروں صوبائی سیکرٹری اور محکمہ اوقاف کے ذمہ داران بھی شریک ہوئے۔

**وزیر اعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں شرکت:**......۲۲ر ذی قعدہ ۱۴۳۶ھ مطابق ۷ر ستمبر ۲۰۱۵ء بروز پیر: حضرت ناظم اعلیٰ وفاق زید مجدہم نے قائدین اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کے ہمراہ پرائم منسٹر سیکریٹریٹ اسلام آباد میں وزیر اعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں شرکت کی اور دینی حلقوں کی بھرپور ترجمانی کرتے ہوئے فرمایا: دینی مدارس پر بلا جواز چھاپوں، اساتذہ وطلبہ کو ہراساں کرنے، جھوٹے مقدمات قائم کرنے اور بے گناہ علماء کرام کے نام فورتھ شیڈول میں داخل کرنے کا سلسلہ ختم کیا جائے نیز مدارس نے کبھی رجسٹریشن سے انکار نہیں کیا البتہ رجسٹریشن کا عمل سہل بنایا جائے۔ اسی طرح ہر داڑھی والے شخص اور حجاب والی خاتون کو دہشت گرد سمجھنے کی رَوِش ترک کی جائے۔

وزیر اعظم پاکستان نے کہا کہ مدارس مثبت کردار ادا کر رہے ہیں ان کی رجسٹریشن کا عمل سہل بنایا جائے گا۔ حکومت مدارس کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرے گی اسی طرح دہشت گردی کو کسی مذہب یا مدرسہ سے جوڑنے کے خلاف بھی کارروائی کرے گی۔

اس اجلاس میں وزیر اعظم کے ہمراہ چیف آف آرمی سٹاف جنرل راحیل شریف، وفاقی وزیر داخلہ چودھری نثار علی خان، وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف، وزیر مملکت برائے تعلیم میاں بلیغ الرحمٰن، ڈی جی آئی ایس آئی ودیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے جبکہ تنظیمات مدارس پاکستان کی نمائندگی شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی، ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری، مولانا مفتی منیب الرحمٰن، مولانا عبدالمالک، پروفیسر ساجد میر، مولانا عبدالمصطفی ہزاروی، مولانا یاسین ظفر، مولانا عطاء الرحمٰن، قاضی نیاز حسین نقوی، اور ڈاکٹر سید محمد نے کی۔

☆......☆......☆